PR NO 08/2024

# وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

## Press Release

### پاسپورٹس کے اجراء میں تاخیر،عوام کی دہائی،سمندر پار پاکستانی شدید مشکلات کا شکار

### وفاقی محتسب نے نوٹس لے کر اسلام آباد سمیت بڑے شہروں میں اپنی معائنہ ٹیمیں روانہ کر دیں

### پاسپورٹ کے اجراء میں تاخیر اور غفلت نا قابل برداشت ہے۔اعجاز احمد قریشی

اسلام آباد(    )وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے پاسپورٹ کے اجراء میں غیر معمولی تاخیر کی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے اسلام آباد سمیت تمام ضلعی ہیڈکوارٹرز اور بڑے شہروں میں پاسپورٹ کے دفاتر کے دورے کے لئے آج (بروز جمعہ) معائنہ ٹیمیں روانہ کر دی ہیں جو شکایات کا جائزہ لینے اور ان کا قابل عمل حل تلاش کرنے کے لئے پاسپورٹ انتظامیہ کے ساتھ تفصیلی اجلاس کے علاوہ موقع پر موجود افراد سے گفتگو کر کے ان کے مسائل دریافت کریں گی۔واضح رہے کہ وفاقی محتسب آفس میں پاسپورٹس کے اجراء میں تاخیر کے حوالے سے عام لوگوں اور بالخصوص اوورسیز پاکستانیوں کی بہت زیادہ شکایات موصول ہو رہی ہیں جس کی وجہ سے اوورسیز پاکستانیوں کے لئے ویزے کے حصول اور نوکریوں کے گھمبیر مسائل پیدا ہو رہے ہیں جبکہ بیرون ملک زیر تعلیم طلباء بھی شدید مشکلات کا شکار ہیں۔وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ پاسپورٹ کے اجراء میں غیر معمولی تاخیر اور غفلت نا قابل برداشت ہے۔پاسپورٹ انتظامیہ کئی ماہ سے اس مسئلے پر قابو نہیں پاسکی جس کے باعث بیرون ملک سفر کرنے والے پاکستانی شدید مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ماضی میں بھی ایسی مصنوعی قلت پیدا کی گئی جس میں پاسپورٹ کے عملے کو ملوث پایا گیا جو مصنوعی قلت پیدا کر کے عوام سے پیسے بٹورتے ہیں۔جس پر وفاقی محتسب نے ازخود نوٹس لے کر محکمے اور وزارت داخلہ کو جامع سفارشات بھیجی تھیں تاکہ پاسپورٹ کے حصول میں عوام کی مشکلات کا ازالہ ہو سکے۔وفاقی محتسب نے قرار دیا کہ ان سفارشات پر عملدرآمد اور غفلت و بدعنوانی کے ذمہ داران کا تعین کر کے ان کے خلاف قرار واقعی ایکشن لیا جانا ضروری ہے۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

22فروری2024ء